## علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ ارلی چائلڈ ہڈ ایجوکیشن اینڈ ایلیمنٹری ٹیچر ایجوکیشن)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ :

1۔ اگر آپ اپنی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی جعلی سٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری (Plagiarism) پالیسی" کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: علم التعلیم (215) | سمسٹر: خزاں، 2012ء

سطح: میٹرک | کل نمبر: 100

کامیابی کے نمبر: 40

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 3)

سوال نمبر 1۔ تعلیم بطور مضمون سے کیا مراد ہے؟ معاشرے کے مختلف افراد کے ساتھ علم التعلیم کے مضمون کے تعلق کی وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ پاکستان میں خواتین کی تعلیم کے لیے کیا کوششیں کی گئیں؟ پاکستانی خواتین میں تعلیم عام کرنے کے لیے تجاویز دیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ خصوصی بچوں سے کیا مراد ہے؟ خصوصی بچوں کی کتنی اقسام ہیں؟ نیز ان بچوں کے لیے خصوصی تعلیم کی ضرورت و اہمیت پر سیر حاصل بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ معاشرتی زندگی میں تعلیم کی کیا اہمیت ہے؟ پاکستان میں عمومی تعلیم دینے کے ادارے کون کون سے ہیں؟ عمومی تعلیم کے مختلف درجات کی وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ تعلیمی معیار کو بہتر بنانے میں اساتذہ کیا کردار ادا کر سکتے ہیں؟ پاکستان میں تعلیمی ضیاع کی کیا وجوہات ہیں؟ تعلیمی ضیاع کو روکنے کے لیے تجاویز دیجیے۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ 4 تا 6)

کل نمبر: 100 | کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1۔ صحت مند معاشرے سے کیا مراد لی جاتی ہے؟ ثقافت کے مادی اور غیر مادی پہلوؤں کی تعریف کرنے کے ساتھ ساتھ ثقافت کی ترسیل کے لیے ضروری اقدامات کی وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر2- معاشرے میں تبدیلی کا عمل کیوں ضروری ہے؟ تعلیم کے ذریعے افراد کو مناسب روزگار کے قابل بنانے کے لیے تجاویز دیجیے۔ (20)

سوال نمبر3- تعلیمی عمل میں نشوونما کی کیا اہمیت ہے؟ نشوونما کے مدارج کون کون سے ہیں؟ نشوونما کے اصول مفصل تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر4- طفولیت اور بچپن کے دور میں معاشرتی نشوونما کی قابل ذکر خصوصیات کون سی ہیں؟ طفولیت اور بچپن کے دور میں جذبات کی مختلف صورتوں کی وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر5- بچوں کی ضروریات میں کون کون سے عوامل شامل ہیں؟ بچوں کی مناسب پرورش کے لیے کن نفسیاتی ضروریات کا خیال رکھنا چاہیے؟ مثالوں کی مدد سے واضح کیجیے۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر 3

(یونٹ 7 تا 9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر1- تعلیمی عمل میں بچوں کے مسائل کے بارے میں جاننا کیوں ضروری ہے؟ بچوں کے انفرادی اور اجتماعی مسائل کی بنیادی وجوہات پر سیر حاصل بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر2- بچے کی شخصیت پر مثبت اور منفی اثرات ڈالنے والے عناصر کون کون سے ہیں؟ مثالوں کی مدد سے وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر3- تعلم سے کیا مراد ہے؟ مختلف ماہرین کی رائے میں تعلم کسے کہتے ہیں؟ تعلم کے بنیادی تصورات کا جائزہ تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر4- ”جذبہ“ کی تعریف کیجیے۔ جذبات کے نمایاں پہلو کون کون سے ہیں؟ جذبات تعلم کے عمل پر کیسے اثر انداز ہوتے ہیں؟ مثالوں کی مدد سے واضح کیجیے۔ (20)

سوال نمبر5- طلبہ کو تعلیم کے مختلف مدارج پر رہنمائی بہم پہنچانا کیوں ضروری ہوتا ہے؟ طلبہ کی رہنمائی کے لیے کن مقاصد کو پیش نظر رکھنا چاہیے؟ تحریر کیجیے۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر 4

(یونٹ 10 تا 12)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر1- تدریس کا عمل کن عناصر پر مشتمل ہے؟ ماہرین کی رائے میں تدریس کی مختلف تعریفیں کون کون سی ہیں؟ تدریس کے عام مقاصد تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر2- دوران تدریس اساتذہ کے لیے تدریس کے اصولوں کو مدنظر رکھنا کیوں ضروری ہوتا ہے؟ تدریس کے ان اصولوں کی وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر3- تدریسی سبق کو منصوبی خاکے کی شکل میں تحریر کرنے کی کیا اہمیت ہے؟ تدریس کو دلچسپ بنانے کے لیے کون کون سی اشیا یا معاونات استعمال کی جا سکتی ہیں؟ ان تدریسی معاونات کی اہمیت پر بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر4- بلحاظ معنی نصاب سے کیا مراد ہے؟ نصاب کے مفہوم کو سمجھنے کے لیے مختلف تعریفیں بیان کریں۔ نیز نصاب کے قدیم، جدید اور اسلامی تصور میں بنیادی طور پر کن امور کا خیال رکھا گیا ہے؟ مفصل تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر5- پاکستان میں پرائمری سطح پر اسلامیات کے نصاب کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟ تدریس اسلامیات میں کون کون سے موضوعات پر مذہبی سرگرمیوں کا اہتمام کیا جا سکتا ہے؟ مثالوں کی مدد سے واضح کیجیے۔ (20)